THE PUNJAB EDUCATIONAL ENDOWMENT FUND | PEEF

سپیشل کوٹہ تعلیمی سکالرشپ برائے
انٹرمیڈیٹ و گریجوایشن
2017-18

اگر آپ نے میٹرک یا انٹرمیڈیٹ کا امتحان سال 2017 (سالانہ) میں پاس کیا ہے اور آپ کا تعلق درج ذیل کسی ایک کیٹیگری سے ہے تو آپ پنجاب ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ کے سپیشل کوٹہ تعلیمی سکالرشپ کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔

1. یتیم طلبہ (وہ طلباء و طالبات جن کے والدین وفات پا چکے ہیں)
2. گریڈ 4-1 (ایک تا چار) کے سرکاری ملازمین کے بچے
3. اقلیتی مذاہب سے تعلق رکھنے والے طلباء و طالبات
4. سپیشل (معذور) طلباء و طالبات
5. دہشت گردانہ حملوں میں شہید ہونے والے سویلین کے بچے

اہلیت کی دیگر شرائط

1. صوبہ پنجاب کے رہائشی / ڈومیسائل کے حامل طلباء و طالبات۔
2. بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (BISE) یا فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (FBISE) کے زیر انتظام منعقدہ امتحان 2017 (سالانہ) برائے میٹرک / انٹرمیڈیٹ میں کم از کم ساٹھ فیصد (60%) نمبر حاصل کرنے والے طلباء و طالبات۔
- صرف صوبہ پنجاب کے مختلف فیڈل گورنمنٹ / پرائیویٹ سکول / کالج کے طلباء و طالبات درخواست دینے کے اہل ہیں۔
3. والدین کی کُل ماہانہ آمدن -/15,000 روپے یا اس سے کم ہو۔
- گریڈ 4-1 (ایک تا چار) کے سرکاری ملازمین کے بچے -/15,000 روپے ماہانہ آمدنی (آمدنی کا ذریعہ صرف تنخواہ ہے) کی شرط سے مستثنیٰ ہیں۔
- دہشت گردانہ حملوں میں شہید ہونے والے سویلین کے بچے آمدن کی شرط سے مستثنیٰ ہیں۔
4. کُل وقتی (ریگولر) جسمزِ تعلیمی ادارہ میں انٹرمیڈیٹ یا گریجوایشن میں داخلہ لیا ہو۔

- درخواست فارم کے ساتھ میٹرک / انٹرمیڈیٹ کے پاس شدہ امتحان کے رزلٹ کارڈ کی نقل اور متعلقہ کیٹیگری کے کوائف الف لف کریں۔ تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	سپیشل کوٹہ کیٹیگری	درخواست کے ساتھ منسلک کرنے والے کوائف / اسنادی تفصیل
۱	یتیم طلبہ (وہ طلباء و طالبات جن کے والدین وفات پا چکے ہیں)	درخواست کے ساتھ جمع کروائے جانے والے والد کے ڈیتھ سرٹیفکیٹ کی نقل الف لف کریں۔
۲	گریڈ 4-1 (ایک تا چار) کے سرکاری ملازمین کے بچے	درخواست کے ساتھ پے سلپ (Pay Slip) یا ادارے کے جاری کردہ سرٹیفکیٹ کی نقل ضرور الف لف کریں۔ پنشنری کی صورت میں پنشن بک / Bank Statement کی نقل الف کریں۔
۳	اقلیتی مذاہب سے تعلق رکھنے والے طلباء و طالبات	متعلقہ مذہبی ادارے / عبادت گاہ کے سربراہ / نمائندہ کے جاری کردہ سرٹیفکیٹ کی نقل الف لف کریں۔
۴	سپیشل (معذور) طلباء و طالبات	درخواست کے ساتھ ضلعی ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال یا رورل ہیلتھ سنٹر (DHQ, THQ Hospital, RHC) سے جاری کردہ معذوری کے سرٹیفکیٹ کی نقل الف لف کریں۔
۵	دہشتگردانہ حملوں میں شہید ہونے والے سویلین کے بچے	اپنے والد / والدہ کی شہادت کی تصدیق سکول ہیڈ ماسٹر / امام مسجد / مقامی پولیس سٹیشن سے کروائیں۔



THE PUNJAB EDUCATIONAL ENDOWMENT FUND (PEEF)

وزیر اعلیٰ پنجاب کا ہونہار و مستحق طلباء کی اعلیٰ تعلیم کے لئے سکالرشپ کا انقلابی پروگرام

Special Quota

معلومات برائے PEEF سپیشل کوٹہ تعلیمی سکالرشپ 2017-18

PEEF Code

PEEF آفس میں درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ

سکالرشپ برائے انٹرمیڈیٹ
10 جنوری 2018

سکالرشپ برائے گریجوایشن
24 جنوری 2018

- درخواست فارم چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن (CEO Edu) / ڈپٹی ڈائریکٹر (کالجز) کے دفاتر یا پنجاب ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ کے دفتر اور ویب سائٹ (www.peef.org.pk) سے بھی حاصل کیا جاسکتا ہے۔

درخواست جمع کروانے کا طریقہ کار

- مکمل پُر شدہ سکالرشپ فارم پنجاب ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ کے درج ذیل پتہ پر مقررہ تاریخ تک ارسال کیے جائیں۔

پنجاب ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ لنک وحدت روڈ لاہور۔ 54600

- حتمی تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا







THE PUNJAB EDUCATIONAL ENDOWMENT FUND (PEEF)

اضافی عطیہ

"یتیم طلبہ -/50 روپے ماہانہ کے حساب سے پیسے جمع کروا کے ہمدرد تعلیم فارم کے ساتھ جمع کروائیں۔"

(حساب چیک نمونہ کی طرح مکمل کریں)

Code No.

نوٹ

- ایسی تمام درخواستیں جو مجوزہ درخواست فارم کے علاوہ یا سادہ کاغذ پر دی جائیں گی، مسترد تصور ہونگی۔
- درخواست فارم برائے سکالرشپ کی فوٹو کاپی بھی استعمال کی جاسکتی ہے۔
- TEVTA / PBTE کے تحت امتحان پاس کرنے والے طلباء اس سکالرشپ کیلئے درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔
- غلط معلومات فراہم کرنے کی صورت میں ادارہ سکالرشپ کے اجراء کے بعد تنسیخ کا حق رکھتا ہے۔

SPL-4790